37968 ـ کفارہ قسم کی نیت سے روزہ افطارکروانا

سوال

کیا قسم کے کفارہ کی نیت سے روزہ افطار کروانا جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

جی ہاں ایسا کرنا جائز ہے لیکن اس میں ایک شرط ہے کہ روزہ دارمسکین ہونا چاہیئے کیونکہ اللہ تعالی نے قسم کےکفارہ میں فرمایا ہے :

اللہ تعالی تہماری لغو قسموں پر تم سے مؤاخذہ نہیں فرماتا لیکن مؤاخذہ اس پر فرماتا ہے کہ تم جن قسموں کو مضبوط کرلو اس کا کفارہ دس محتاجوں کو اوسط درجہ کا کھانا دینا ہے جو تم اپنے گھروالوں کو کھلاتے ہو یا ان کو کپڑے دینا ہے یا ایک غلام آزاد کرنا ہے المائدۃ (89) ۔

لھذا قسم کے کفارہ میں کھانے کے لیے مسکین ہونا شرط ہے ۔

اوراس پر متنبہ رہنے چاہیے کہ قسم کے کفارہ میں دس مسکینوں کو کھانا کھلانا ہے جیسا کہ مندرجہ بالاآیت میں موجود ہے لھذا ایک ہی مسکین کو دس بار کھلانا صحیح نہیں ۔

دیکھیں المغنی لابن قدامۃ المقدسی (13 / 513) ۔

واللہ اعلم .